**نیو یارک شہر (CITY OF NEW YORK)**
**میئر کا دفتر برائے مینجمنٹ اور بجٹ (MAYOR'S OFFICE OF MANAGEMENT AND BUDGET)**
**نوٹس برائے سماعت عامہ (NOTICE OF A PUBLIC HEARING)**
**سے متعلق**
**کمیونٹی ڈیولپمنٹ بلاک گرانٹ فنڈنگ (COMMUNITY DEVELOPMENT BLOCK GRANT FUNDING) منجانب**
**نیو یارک اسٹیٹ آفس آف کمیونٹی رینیول (NEW YORK STATE OFFICE OF COMMUNITY RENEWAL)**

تمام ایجنسیوں، کمیونٹی بورڈز، گروپس اور افراد کے لیے:

سٹی آف نیو یارک (شہر) جمعرات، 18 جولائی 2024 کو شام 6:00 بجے، 120 Broadway, Lower Concourse, New York, NY 10271 پر شہر کے موجودہ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بلاک گرانٹ – CARES ایکٹ (CDBG-CV) منصوبوں پر عوامی تبصروں کی سماعت کرنے کے مقصد سے ایک سماعت عامہ منعقد کرے گا:

گرانٹ نمبر: 4100CVPS18-21
گرانٹ کی رقم: $3,997,840
پروجیکٹ کے عنوانات: جیریاٹرک ذہنی صحت کی خدمات اور سابقہ بے گھر گھرانوں کے لیے سازوسامان ( Geriatric Mental Health Services and Furnishings for Formerly Homeless Households)

CDBG-CV پروگرام نیویارک اسٹیٹ آفس آف کمیونٹی رینیول (New York State Office of Community Renewal, OCR) کے زیر انتظام ہے، اور اہل مقامی حکومتوں کو رہائش، اقتصادی ترقی، عوامی سہولیات، عوامی انفراسٹرکچر، اور منصوبہ بندی کی سرگرمیوں کے لیے وسائل فراہم کرتا ہے، جس کا بنیادی مقصد کم اور درمیانی آمدنی والے افراد کو فائدہ پہنچانا ہے۔ سماعت جاری CDBG-CV پروجیکٹ کی پیشرفت کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرے گی۔ CDBG-CV پروجیکٹ کی انتظامیہ کی تاثیر سے متعلق تبصرے بھی اسی وقت وصول کیے جائیں گے۔

سماعت سیکشن 570.486، یو ایس کوڈ آف فیڈرل ریگولیشنز (U.S. Code of Federal Regulations) کے ذیلی حصہ I کے مطابق اور ہاؤسنگ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ (Housing and Community Development) ایکٹ 1974، بطور ترمیم شدہ، کے تقاضوں کی تعمیل میں منعقد کی جا رہی ہے۔

سماعت کی جگہ معذور افراد کے لیے قابل رسائی ہے۔ اگر معذور افراد، سماعت سے محروم افراد، یا انگریزی سے کسی زبان میں ترجمہ طلب کرنے افراد کے لیے خصوصی موافقت/سہولت کی ضرورت ہو، تو ایسے افراد کو ضروری انتظامات کروانے کے لیے سماعت کی تاریخ سے کم از کم تین دن پہلے CDBGComments@omb.nyc.gov پر رابطہ کرنا چاہیے۔ تحریری تبصرے بھی 2 اگست 2024 تک قبول کیے جائیں گے۔ تبصرے سینئر اسسٹنٹ ڈائریکٹر، جولی فری مین (Julie Freeman) کو، New York City Office of Management and Budget, 255 Greenwich Street, 8th Floor, New York, NY 10007، یا CDBGComments@omb.nyc.gov پر ای میل کے ذریعے بھیجے جا سکتے ہیں۔

سٹی آف نیویارک: جیکس جیہا (Jacques Jiha)، Ph.D، ڈائریکٹر، میئر آفس آف مینجمنٹ اینڈ بجٹ

تاریخ: 10 جولائی 2024